CICA virtual workshop on ‘Counter Radicalization’

February 03, 2023

"انتہا پسندی کا مقابلہ" کے موضوع پر سی آئی سی اے ورچول ورکشاپ کا انعقاد

فروری 03، 2023

وزارت خارجہ کی طرف سے وزارت داخلہ (بیورو آف پولس رسرچ اینڈ ڈولپمینٹ) کے باہمی اشتراک سے سنٹرل ڈٹیکٹیو ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ (سی ڈی ٹی آئی)] نے اپنے بیرونی تربیتی یونٹ کے ساتھ مشترکہ طور پر مورخہ 02-03 فروری 2023 کو 'انتہائی پسندی کا مقابلہ' کے موضوع پرایک ورچوئل ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ اس ورکشاپ کا انعقاد ایشیا میں انٹرایکشن اور اعتماد سازی کے اقدامات پر کانفرنس (CICA) فریم ورک کے تحت کیا گیا۔

2۔ اس ورچول ورکشاپ سے وزارت خارجہ کے جوائنٹ سکریٹری جناب مہاویر سنگھوی، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل جناب نیرج سنہا اور بی پی آر اینڈ ڈی کے ڈائریکٹر جناب انوراگ کمار نے خطاب کیا۔ مدعو مقررین نے بنیاد پرستی اور انتہا پسندی سمیت مختلف موضوعات بشمول بنیاد پرستی کا عروج اور اس کے عالمی اثرات؛ بنیاد پرستی کے لیے سوشل میڈیا کا غلط استعمال؛ ڈی ریڈیکلائزیشن کے ماڈل؛ اور بنیاد پرستی اور بین الاقوامی دہشت گردی سمیت دیگر موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

3۔ سی آئی سی اے کے کئی رکن ممالک بشمول بنگلہ دیش، کمبوڈیا، مصر، عراق، اسرائیل، اردن، منگولیا، پاکستان، روس، سری لنکا، تھائی لینڈ، ترکی، ازبکستان اور ویتنام کے نمائندوں نے ورچوئل ورکشاپ میں شرکت کی اور اپنے خیالات پیش کیے۔

نئی دہلی

فروری 03، 2023

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.